**02.05.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

.................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے آندھراپردیش کے شہر امراوتی میں 58ہزار کروڑ روپئے کی مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ انھوں نے کیرالہ میں Vizhinjam بین الاقوامی ڈیپ واٹر کثیر مقصدی سمندری بندرگاہ کو بھی قوم کے نام وقف کیا۔

☆ ممبئی میں گلوبل میڈیا ڈائیلاگ کے دوران WAVES قرارداد کو منظور کیا گیا۔ ممبر ملکوں نے غلط اطلاعات پھیلانے کی روک تھام کرنے اور میڈیا کی یکجہتی کو فروغ دینے سے اتفاق کیا۔

☆ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے نئی دلّی میں جاپان کے پارلیمانی وفد سے ملاقات کی۔ انھوں نے دہشت گردی سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے مجموعی اور پختہ ردعمل کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

☆ بھارت اور ڈنمارک نے توانائی کے شعبے میں تعاون کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے منگل کے روز تک ملک کے مشرقی اور وسطی علاقوں میں دھول بھری آندھی چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور آئی پی ایل ٹوینٹی–ٹوینٹی کرکٹ میں، احمدآباد میں سن رائزرس حیدرآباد نے گجرات ٹائٹنس کے خلاف پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا ہے۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM Andhra Pradesh

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آندھرا پردیش کے امراوتی سے 58ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، سنگ بنیاد رکھا اور قوم کے نام وقف کیا۔ اِن میں امراوتی شہر کی اہم سہولیات بھی شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

VC- Sri Sai Vempati

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آندھرا پردیش کی ریاستی راجدھانی امراوتی کیلئے تعمیری کام، ایک بار پھر شروع کیے جانے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کے خیال سے یہ صرف ایک شہر نہیں بلکہ ایک نئے امراوتی اور ایک نئے آندھرا پردیش کے خواب کی تعبیر ہے۔

2100- PM Modi on Amrawati Project

اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پچھلے 10 برسوں میں بھارت نے فزیکل، ڈیجیٹل اور سوشل انفراسٹرکچر پر توجہ مرکوز کی ہے، وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اب، دنیا میں بنیادی ڈھانچے کی تیزی کے ساتھ جدید کاری کرنے والے ملکوں میں شامل ہے اور آندھرا پردیش اِس سے مستفید ہو رہا ہے۔

وزیر اعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ Nagayalanka میں DRDO کا نوا دُرگا میزائل ٹیسٹنگ رینج، بھارت کی دفاعی صلاحیتوں میں اہم رول ادا کرے گا، جس کا آج سنگ بنیاد رکھا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی اعلان کیا کہ اِس سال کا یوگ کا عالمی دن، 21 جون کو آندھرا پردیش کے وشاکھاپٹنم میں منایا جائے گا۔

امراوتی سے سری سائی Vempati کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## PM Kerala

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی ساحلی ریاستیں اور بندرگاہی شہر وکست بھارت کیلئے ترقی کے اہم مراکز ہوں گے۔ بھارت کے سمندری سفر میں ایک سنگ میل قائم کرتے ہوئے وزیر اعظم نے آج کیرالہ میں Vizhinjam بین الاقوامی سمندری بندرگاہ کو قوم کے نام وقف کیا۔ Vizhinjam بندرگاہ کو نئے عہد کی ترقی کی ایک علامت قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ سچی ترقی تب حاصل ہوتی ہے جب بنیادی ڈھانچے کی تعمیر ہو، کاروبار کی توسیع ہو اور عام آدمی کی بنیادی ضروریات پوری ہوں۔

S/B 1400 PM on Mairetime

Vizhinjam اندرون آب سمندری بندرگاہ آٹھ ہزار 800 کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے۔

اِس بندرگاہ سے دنیا کے سب سے بڑے کارگو جہازوں کی آمد بلارکاوٹ ممکن ہوسکے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ جہازوں کے ذریعے مال کی نقل وحمل کی 75 فیصد کارروائیوں کیلئے غیرملکی بندرگاہوں پر بھارت کا انحصار Vizhinjam بندرگاہ کے آغاز کے ساتھ ہی اب تبدیل ہوجائے گا۔ وزیراعظم نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ مرکز اقتصادی طاقت کے اِس چینل کو مزید استحکام عطا کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ ملک میں پہلی سیمی آٹومیٹیڈ Vizhinjam ایک اہم پروجیکٹ ہے جو عالمی تجارت میں بھارت کی پوزیشن کو مستحکم کرنے میں تعاون فراہم کرے گی۔ Vizhinjam بندرگاہ کی دو خصوصیات عالمی تجارت میں اِسے مضبوطی عطا کرتی ہیں۔ ان میں سے ایک اِس بندرگاہ کا تقریباً 20 میٹر کی قدرتی گہرائی کا حامل ہونا ہے اور دوسرے یہ کہ یہ بندرگاہ، دنیا کے مصروف ترین سمندری کاروباری شاہراہوں میں سے ایک کے قریب واقع ہے۔x

**WAVES Declaration**

گلوبل میڈیا ڈائیلاگ کے دوران آج WAVES قرارداد منظور کی گئی اور ممبر ملکوں نے روایتوں اور وراثت کو آواز فراہم کرنے کے سلسلے میں شراکت کرنے سے اتفاق کیا۔ ممبئی میں جیو ورلڈ کنونشن سینٹر میں منعقدہ گلوبل میڈیا مکالمے میں 77 ملکوں کے مندوبین نے شرکت کی۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے اِس تقریب کی صدارت کی۔ شریک ملکوں نے غلط اطلاعات پھیلانے کی روک تھام کرنے اور اطلاعات فراہم نہ کرنے کی روک تھام کرنے اور میڈیا یکجہتی کو فروغ دینے اور حقائق پر مبنی صحافت نیز ذمے دارتشہیر کیلئے اتفاق کیا۔ قرارداد میں ترقی اور یکجہتی کے فروغ کیلئے میڈیا اور تفریح کے انتہائی اہم رول کا بھی اعتراف کیا گیا۔x

**Rev. Waves Radio**

''ریڈیو :Reimagined ڈیجیٹل عہد میں ترقی کی طرف گامزن'' کے موضوع پر پینل ڈسکشن میں عالمی ماہرین نے آج ممبئی میں منعقد ہونے والے WAVES 2025 میں بصیرت افروز خیالات پیش کئے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے پرسار بھارتی کے سابق CEO ششی شیکھر ویمپتی نے کہا کہ بھارت ریڈیو کیلئے سب سے بڑی مارکیٹ ہے اور اِس میڈیم کو اصل عوامی میڈیا قرار دیا۔ انھوں نے اِس سیکٹر کیلئے تال میل پر مبنی عوامی کارروائی کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت میں ریڈیو کے صارفین سماج کے وسیع تر طبقات سے تعلق رکھتے ہیں۔ بالی ووڈ کے اداکار عامر خان نے بھی اِس بحث میں حصہ لیا اور انھوں نے بھارت کو میڈیا اور تفریح کے شعبے میں ایک قاعد بننے میں مدد دینے کیلئے WAVES کے رول کے سلسلے میں اُس کی ستائش کی۔

S/B 2100 Amir Khan

**Maha NSE WAVES Index**

قومی اسٹاک ایکسچینج NSE نے آج نفٹی WAVES انڈیکس شروع کیا ہے۔ میڈیا اور انٹرٹینمنٹ صنعت کی 43 کمپنیاں، اِس کا حصہ ہوں گی۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور NSE کے مینیجنگ ڈائریکٹر اور CEO آشیش کمار چوہان، اِس موقع پر موجود تھے۔ مہاراشٹر سرکار نے آج کئی مفاہمت ناموں پر بھی دستخط کیے ہیں۔ مفاہمت ناموں پر دستخط کیے جانے کے بعد اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب فڑنویس نے کہا کہ بھارت میں کہانیاں سنانے کی ایک روایت رہی ہے اور یہ مفاہمت نامے، اِس روایت کو دنیا تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ مہاراشٹر سرکار نے مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ترین اسٹوڈیو قائم کرنے کیلئے Godreg گروپ کے ساتھ بھی ایک مفاہمت نامہ کیا ہے۔

Godreg گروپ دو مرحلوں میں تقریباً 2 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرے گی اور امید ہے کہ اِس سے ڈھائی ہزار نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ x

## Om Birla Terrorism

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج نئی دلّی میں جاپان کے ایک پارلیمانی وفد کے ساتھ میٹنگ کی۔ جاپان کے ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر Nukaga Fukushiro، اِس وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔ میٹنگ کے دوران جناب برلا نے دہشت گردی سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے ایک اجتماعی اور پُرعزم ردّعمل اور اقدار کی بحالی پر زور دیا، جو جمہوری سماج کی شناخت ہے۔ انھوں نے تمام جمہوری ملکوں سے کہا کہ دہشت گردی کی لعنت کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے متحدہ ہوجائیں۔جناب Fukushiro نے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی اور دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں جاپان کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ x

## India Denmark

بھارت اور ڈنمارک نے توانائی کے شعبے میں تعاون کو مستحکم کرنے کے مقصد سے تجدید شدہ مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ یہ مفاہمت نامہ سال 2070 تک صفر کاربن اخراج کے حصول کے، بھارت کے دیرینہ ہدف کو حاصل کرنے میں مدد کریگا۔

وہیں یہ بھارت اور ڈنمارک کے درمیان بالخوص صاف اور پائیدار توانائی کے شعبے میں معلومات کے تبادلے اور ٹکنالوجی اشراک کو تقویت دیگا۔

بجلی، مکانات اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے کہا کہ تجہ تجدید شدہ توانائی اشتراک، بھارت اور ڈنمارک کے درمیان پائیدار ترقی کو تقویت دینے کے باہمی عزم کی عکاّسی کرتا ہے۔

یہ تجدید شدہ معاہدہ، سرحدپار بجلی نجلی کی فروخت، الیکٹرک وہیکل چارجنگ بنیادی ڈھانچے اور متغیر قابل تجدید توانائی کو مربوط کرنے جیسے شعبوں میں ساجھے داری کو وسعت دیگا۔×

## National Heral Case

دلّی کی راوَز اوینیو کی عدالت نے آج کانگریس پارلیمانی پارٹی کی صدرنشیں سونیا گاندھی اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کو نیشنل ہیرالڈ کے مبینہ طور پر کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں نوٹس جاری کئے ہیں۔ عدالت نے اُن سے اور اِس معاملے کے دوسرے ملزمین سے سوال کیا ہے کہ کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق ایکٹ کے تحت انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے دائر چارج شیٹ پر اُن کے خلاف کارروائی کیوں نہ کی جائے۔پچھلے ہفتے خصوصی جج وشال Gogne نے ED کی شکایت پر نوٹس جاری کئے جانے کی بات عارضی طور پر خارج کردی تھی اور کالے دھن کو جائز بنانے کے خلاف کام کرنے والی وفاقی ایجنسی سے کہا تھا کہ وہ درکار دستاویزات بطور ریکارڈ پیش کرے اور نقائص کو دور کرے۔

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے حال ہی میں نیشنل ہیرالڈ معاملے میں کانگریس کے سینئر لیڈروں کے خلاف مقدمے کی ایک شکایت درج کی ہے۔ چارج شیٹ میں درج دیگر لوگوں میں کانگریس کے بیرونِ ملک امور کے سربراہ Sam Pitroda اور سُمن دوبے کا نام شامل ہے۔x

## Rev. Shekhawat Seminar

ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں 'بھارت : بے پناہ ترقیات کی سرزمین' کے موضوع پر 14ویں اوپن سیمنار کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب شیخاوت نے کہا کہ ملک میں نمائش اور کانفرنس کیلئے جدید ترین کمپلیکسوں کی تعمیر کے ساتھ بھارت، دنیا میں میٹنگوں، سرگرمیوں، کانفرسوں اور نمائشوں، MICE کی راجدھانی بننے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ نمائش سے متعلق سرکاری اور پرائیویٹ صنعتوں کو بھارت کو MICE سیاحت کا ایک مرکز بنانے میں ملکر کام کرنا ہوگا۔

2100- Gajendra Singh Shekhawat

جناب شیخاوت نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک نے پچھلی دہائی میں تقریباً سبھی شعبوں میں بڑے پیمانے پر ترقی کی ہے۔ وزیر موصوف نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت کے پاس بہتر صلاحیت، ضروری بنیادی ڈھانچے اور ایک مضبوط مارکیٹ ہے، جو اِسے بے مثال امکانات کی ایک سرزمین کے طور پر مستحکم کرتا ہے۔ انہوں نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ 2047 تک ایک وکست بھارت کے وژن کو حاصل کرنے میں تمام شعبوں اور متعلقہ لوگوں کی الگ الگ ذمہ داری اور رول ہے۔x

## Jitendra DST

سائنس اور تکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے گذشتہ دہائی میں تحقیق اور ترقی، R&D پر صَرف کی جانے والی مجموعی رقم دوگنی ہوگئی ہے اور یہ تقریباً 60ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر ایک لاکھ 27ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی ہے۔ آج نئی دلّی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے محکمے کے 55ویں یوم تاسیس کے موقعے پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے یہ بات کہی۔

انھوں نے صنعتوں کے قیادت والے اختراعی نظریے میں یکسر تبدیلی اور طویل مدّتی اختراع سمیت صنعتوں کی حصہ داری میں اضافی کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عالمی سطح کے تحقیق کاروں کے درمیان بھارت کو سرکردہ مقام دلایا جاسکے۔جناب سنگھ نے تحقیق سے متعلق فنڈ تک عوامی رسائی اور یونیورسٹیوں کی شمولیت کو فروغ دینے کے مقصد سے انوسندھان نیشنل ریسرچ فاؤنڈیشن کی یکسر تبدیلی لانے کی صلاحیت کے رول پر روشنی ڈالی۔x

## Home security meeting

مرکزی داخلہ سکریٹری نے آج نئی دلّی میں جائزہ میٹنگ منعقد کی جس میں ہریانہ اور راجستھان کے کچھ حصوں کی پانی کی فوری ضرورت پوری کرنے کیلئے اگلے آٹھ دن تک بھاکڑا بیاس مینجمنٹ بورڈ، BBMB سے اضافی ساڑھے چار ہزار Cusecs پانی چھوڑے جانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران بھاکڑا ڈیمس سے اضافی پانی چھوڑنے کے بورڈ کے فیصلے پر عمل آوری کا مشورہ دیا گیا۔ میٹنگ کے دوران اس بات پر بھی رضامندی ظاہر کی گئی کہ ڈیمس کے بھر جانے کی مدّت تک بورڈ یہ اضافی پانی پنجاب کو فراہم کریگا تاکہ اسکی اضافی ضروریات کو

پورا کیا جاسکے وہیں ہریانہ کو اضافی پانی چھوڑنے سے متعلق طریقہ کار طئے کرنے کیلئے بورڈ فوری طور پر میٹنگ منعقد کرے گا۔×

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے 6مئی تک مشرقی اور وسطی بھارت میں گرج چمک اور دھول بھری آندھی کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ، مغربی بنگال اور سکّم میں کل تک اور مدھیہ پردیش، وِدربھ اور چھتیس گڑھ میں 5مئی تک اِس طرح کے حالات رہیں گے۔

شمال مغربی بھارت میں 6مئی تک جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں گرج چمک اور دھول بھری آندھی کے ساتھ کہیں کہیں ہلکی پھلکی اور اوسط درجے کی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

## IPL

آئی پی ایل ٹوینٹی–ٹوینٹی کرکٹ میں، احمدآباد کے نریندرمودی اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد کو جیت کیلئے 225رن کی ضرورت ہے۔ اس سے پہلے گجرات ٹائٹنس نے مقررہ 20اوورس میں 6وکٹ پر 224رن بنائے۔x

☆☆☆☆☆☆